34658-اسے شادي میں تعاون کے لیے کچھ رقم دي گئی کیا وہ قبول کرلے

سوال

میرے ایک رشتہ دار نے میري شادي میں تعاون کے لیے بہت زیادہ رقم بھیجی کیا مجھے یہ رقم قبول کرلینی چاہیے یا کہ میرے لیے بچنا بہتر اور جو کچھ میرے پاس ہے اسی پر اکتفا کرنا چاہیے ؟

پسندیدہ جواب

بغیر کسی لالچ وطمع کے اسے قبول کرنے میں کوئی حرج نہیں ، اور جب بھی اس کے لیے میسر ہو اسے مناسب بدلہ دینا چاہیے یا پھر اس کے لیے دعاء ہی کردیا کرے کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

جو کوئی بھی تمہارے ساتھ اچھائی کرے اسے اس کا بدلہ دو اگر تمہارے پاس بدلہ دینے کے لیے کچھ نہیں تو اس کے لیے اتنی دیر تک دعاء کرتے رہو کہ تم یہ سمجھو اس کا بدلہ ادا ہوچکا ہے .

ابوداود اور سنن نسائی اھ.